خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۲۸)

☆ صدرِ ادارہ اور امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی علمی خدمات کے تعارف پر مشتمل ایک ویب سائٹ انگریزی اور اردو میں تیار کی گئی ہے۔ اس کا افتتاح ۱۹/ اپریل ۲۰۰۸ء کو مرکز جماعت اسلامی ہند، نئی دہلی میں مرکزی وزیر مملکت برائے امور داخلہ ڈاکٹر شکیل احمد کے ہاتھوں ہوا۔ مشہور دانش ور جناب سید حامد صاحب چانسلر جامعہ ہمدرد نے اس تقریب کی صدارت فرمائی۔ ڈاکٹر ظفر الاسلام خاں صدر آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت و ایڈیٹر پندرہ روزہ ملی گزٹ مہمان خصوصی تھے۔ جناب سید سعادت اللہ حسینی رکن مرکزی مجلس شوریٰ جماعت اسلامی ہند و رکن مجلس منتظمہ ادارۂ تحقیق نے اس ویب سائٹ کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر مولانا عمری کی علمی خدمات کے تعارف پر مشتمل، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی (رکن ادارہ) کی ایک تحریر بھی پڑھ کر سنائی گئی۔ جماعت اسلامی ہند کے مرکزی قائدین اور دیگر اہم شخصیات اس تقریب میں شریک تھیں۔ اس ویب سائٹ کا پتا یہ ہے: www.jalaluddinumari.com

اس مناسبت سے مولانا نے ایک مختصر تحریر لکھی تھی وہ خبر نامہ کے آخر میں دی جا رہی ہے۔

☆ ۲۸-۳۰/ جمادی الاخریٰ ۱۴۲۹ھ، ۳-۵/ جون ۲۰۰۸ء میں مکہ مکرمہ میں رابطہ عالم اسلامی کی جانب سے عالمی اسلامی کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کا مرکزی موضوع بین مذاہب مکالمہ تھا۔ اس میں دنیا بھر سے پانچ سو سے زائد مندوبین شریک ہوئے۔ ہندوستان سے اس کانفرنس میں شرکت کے لیے جن حضرات کو مدعو کیا گیا تھا، ان میں مولانا سید جلال الدین عمری اور جناب اعجاز احمد اسلم سکریٹری جماعت اسلامی ہند و ایڈیٹر ہفت روزہ ریڈینس بھی تھے۔ اس مناسبت سے مولانا عمری نے تقریباً دو ہفتے سعودی عرب میں گزارے اور وہاں کے مختلف شہروں ریاض، دمام، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور جدہ میں دینی و تحریکی حلقوں میں آپ کے متعدد خطبات ہوئے۔

اسی طرح کی ایک عالمی اسلامی کانفرنس دوحہ (قطر) میں ۱۴-۱۶/ جمادی الاخری ۱۴۲۹ھ- ۱۹-۲۱/ جون ۲۰۰۸ء میں منعقد ہوئی۔ اس میں بھی مولانا نے اپنے رفقاء جناب صدیق حسن صاحب نائب امیر جماعت اسلامی ہند اور جناب اعجاز احمد اسلم صاحب کے ساتھ شرکت کی اور 'اتحاد امت: اہمیت اور تقاضے' کے موضوع پر خطاب کیا۔

☆ فقہ اسلامی کے مختلف پہلوؤں پر مولانا عمری کے مقالات تحقیقات اسلامی اور ملک